رول نمبر:...............

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

# اُردو (انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

## (حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,01,08

تمھاری بھینس کیسے ہے کہ جب لاٹھی ہماری ہے — اب اس لاٹھی کی زد میں جو بھی آئے سو ہمارا ہے
مذمت کاریوں سے تم ہمارا کیا بگاڑو گے؟ — تمھارے ووٹ کیا ہوتے ہیں جب ویٹو ہمارا ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,09

کام مردوں کے جو ہیں، سو وہی کر جاتے ہیں — جان سے اپنی جو کوئی کہ گزر جاتے ہیں
موت! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے — مرنے سے آگے ہی، یہ لوگ تو مر جاتے ہیں
دید و ادید جو ہوجائے، غنیمت سمجھو — جوں شرر ورنہ ہم اے اہل نظر جاتے ہیں

## (حصّہ دوئم)

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) عالم کا رنگ بے رنگ دیکھ کر تدبیر اور مشورہ دو تجربہ کار دنیا سے کنارہ کش ہوگئے تھے اور ایک سیب کے درخت میں جھولا ڈالے الگ باغ میں جھولا کرتے تھے، البتہ جو صاحب ضرورت ان کے پاس جاتا، اسے صلاح مناسب بتا دیا کرتے تھے۔ یہ سب مل کر ان کے پاس گئے کہ برائے خدا کوئی ایسی راہ نکالیے جس سے احتیاج وافلاس کی بلا سے بندگان خدا کو نجات ہو۔

(ب) میرا بچہ، میری آنکھ کا تارا، ارے دیکھو تو کیسے تن کر چل رہا ہے۔ اس کا باہر نکلا ہوا سینہ دیکھو! سانس کس بے خوفی سے آجا رہا ہے! شاباش میرے لاڈلے شاباش! سر اٹھائے رکھ۔ تم پر ہم سب کو ناز ہے۔ تجھ پر میرے دلارے تجھ پر، جسے مرجانا ہے۔ دیکھ لو اسے دیکھ لو۔ جس کے بدن میں گرم خون لہریں مارتا تھا پر جس کے دل میں قاتل کے لہو کی ایک بوند بھی نہیں۔ ہائے پر قاتل موجود ہے۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) پہلی فتح (ii) ایوب عباسی 01,09

5۔ نصاب میں شامل احسان دانش کی نظم "تغیر" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: 20

(i) میرا پسندیدہ شاعر (ii) اتحاد عالم اسلام (iii) قومی تعمیر و ترقی میں طلبہ کا کردار

7۔ کسی بھی اشاعتی ادارے کے مینجر کو اپنی پسند کی کتاب بذریعہ ڈاک منگوانے کے لئے خط لکھیے۔ 10